سوال

(335) طلاق کا سنت اور بدعت طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

طلاق کا سنت اور بدعت طریقہ کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طلاق دینے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ آدمی اسے (یعنی اپنی بیوی کو) ایک طلاق دے اور وہ حمل کی حالت میں ہو یا وہ اسے ایسے طہر میں طلاق دے جس میں اس نے اس کے ساتھ ہم بستر ی نہ کی ہو۔

طلاق دینے کا بدعت طریقہ یہ ہے کہ وہ بیوی کو تین طلاقیں ایک ہی لفظ یا زیادہ لفظوں میں دے یا اسے ایک یا زیادہ طلاقیں اس حال میں دے کہ وہ حیض یا نفاس کے ایام میں ہو یا ایسے طہر میں اسے طلاق دے جس میں اس نے اس کے ساتھ ہم بستری کی ہو۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

ص423

محدث فتویٰ